BIPL Securities

BIPL Securities Limited
(formerly KASB Securities Ltd.)

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ (سابقہ کے اے ایس بی سیکیورٹیز لمیٹڈ) کے ارکان کا ایک غیر معمولی اجلاس (ای جی ایم) مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے جمعہ 20 جنوری 2017 کو 9 بجے صبح بمقام آئی سی اے پی بلڈنگ، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو، تین تلوار، کلفٹن، کراچی پر ہوگا۔

## عمومی امور (آرڈینری بزنس)

1 کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 178(1) کے مطابق 28 جنوری 2017 سے سات (07) ڈائریکٹرز کا تین (3) سال کے لیے انتخاب کرنا۔ درج ذیل ڈائریکٹر؛ کی مدت اختتام پذیر ہے اور یہ دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 جناب منصور الرحمان خان | 2 جناب کمال الدین ٹیپو | 3 جناب سعد احمد مدنی | 4 محترمہ نتاشہ متین | 5 خواجہ احرار الحسن |
| 6 جناب عرفان ندیم سید | 7 جناب سہیل سکندر | | | |

کمپنی کے گذشتہ غیر معمولی جنرل اجلاس منعقدہ منگل 27 ستمبر 2016 کے منٹس آف دی میٹنگز کی تصدیق کرنا۔

بحکم بورڈ
**کاشف شہزاد**
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 30 دسمبر 2016

## نوٹس:

1 کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کُتب مورخہ 14 جنوری 2017 سے 20 جنوری 2017 تک بند رہیں گی (دونوں دن شامل ہیں) تاکہ حصص یافتگان کی غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے استحقاق (حق) کا تعین کیا جاسکے۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی، کو مورخہ 13 جنوری 2017 کے دن کاروباری اوقات کے اختتام تک حصص کی منتقلی کی موصول شودہ درخواستیں غیر معمولی جنرل اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2 کوئی رکن جو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ کسی ایسے شخص/نمائندے کو پراکسی نامزد کر سکتا ہے کہ وہ اس کی جانب سے اس اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے۔ کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے مطابق پر کی گئی پراکسی دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کے پتے پر اجلاس کے انعقاد کے وقت سے 48 گھنٹے پہلے پہنچ جانی چاہیے۔

3 کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) اجلاس کے شروع ہونے سے قبل پیش کرنا ہوگا۔

4 فزیکل حصص رکھنے والے اور وہ حصص جو سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس رجسٹرڈ ہیں کے اصل مالکان اور/یا ان کے پراکسیز کو اجلاس میں شرکت کے لیے اپنی شناخت کروانے کے لیے اپنا اصلی قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔ پراکسی فارم کو کمپنی میں لازمی طور پر شق 2 میں درج وقت پر جمع کروانا ہوگا اور پراکسی فارم پر باضابطہ طور پر دستخط شدہ بمع دو گواہوں کے نام، پتہ اور سی این آئی سے نمبر کا اندراج پراکسی فارم میں ہونا چاہیے اور اس کے ساتھ اصل مالک کی تصدیق شدہ شناختی کارڈ (ز) یا پاسپورٹ (س) کی نقل (یا نقول) جمع کرانا کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمع نامزد شخص کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) کے ساتھ پراکسی (ز) فارم (ز) کے جمع کیا جائے گا۔

5 سی ڈی سی کا اکاونٹ رکھنے والوں کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری 2000 کے جاری کردہ مراسلہ نمبر 1 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

6 حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو دیں

7 **نوٹس برائے حصص یافتگان جنہوں نے سی این آئی سی فراہم نہیں کیا**

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں، رجسٹرڈ حصص یافتگان یا ان کے مجاز شخص/اشخاص کا سی این آئی سی نمبرز ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ کے حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ وارنٹس پر اور ایس ای سی پی میں سالانہ رٹرن جمع کرواتے وقت ظاہر کرنا ہوگا۔ اس لیے وہ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی کی نقل/نقول فراہم نہیں کی ہیں ان کو ہدایت دی جاتی ہے کہ پہلی فرصت میں اپنے سی این آئی سی کی تصدیق شدہ نقل/نقول ہمارے شیئر رجسٹرار کو براہِ راست ان کے اوپر درج پتے پر فراہم کردیں جو نوٹ نمبر 1 میں درج ہے۔

8 **ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کا الیکشن لڑنا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائرڈ ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور شخص ہو، تو کمپنی کے پاس مندرجہ ذیل دستاویزات اور معلومات، اس کے رجسٹرڈ آفس میں مذکورہ بالا اجلاس کے دن سے چودہ دن پہلے جمع کروانا پڑیں گے۔

* اپنا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاونٹ نمبر/سی ڈی سی شارا کت نمبر/سب اکاونٹ نمبر۔
* کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (178)(3) کے مطابق اپنے آپ کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے پیش کرنے کا اعلان۔
* کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (184) کے تحت فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی اپنی رضامندی۔
* ایس ای سی پی کے ایس آر او 634(1) 2015 بتاریخ 10 جولائی 2014 کے تحت اپنی تفصیلات (اپنا پیشہ ورانہ شخصی خاکہ) بمع آفس کا پتہ۔
* کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی تصدیق شدہ نقل۔
* یہ اعلان کہ: وہ کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے لیے کسی بھی لاگو قوانین اور ضوابط (بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ ریگولیشن) کے تحت نااہل نہیں ہے۔
* کہ وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات سے ہے آگاہ۔
* سیکیوریٹیز بروکرز (لائسینسنگ اینڈ آپریشن) ضوابط 2016 میں فراہم کردہ فٹ اور پراپر معیار کے مطابق وہ بروکریج ہاوس کا ڈائریکٹر بنائے جانے کا اہل ہے۔

9 کمپنی، ایس ای سی پی کے "کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشن 2016" کے تحت ای ووٹنگ کی سہولت فراہم کرنے کا نظام تشکیل دینے کے مرحلے میں ہے، اور اس سلسلے میں، گذشتہ غیر معمولی اجلاس منعقدہ 27 ستمبر 2016 میں ای ووٹنگ کی اجازت دینے کے لیے ایک خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کرنے کی منظوری لی گئی تھی۔ تاہم، ارکان کو اس اجلاس میں ای ووٹنگ کی سہولت فراہم نہیں کی جاسکتی کیونکہ ای ووٹنگ کی سہولت کی فراہمی کے لیے درکار ضروری لوازمات اصولی طور پر تسلیم شدہ "ای۔ انٹر میڈیری" کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کی غیر موجودگی تھی۔

36cmx4col